حیسکو پریس ریلیز مورخہ 13.10.2026

جدید ٹیکنالوجی کی مدد حاصل کرتے ہوئے روابط کو مضبوط کرتے ہوئے (Whatsapp Group) واٹس گروپ بنایا جارہا ہے جس میں حیسکو کے افسران اور ڈسٹرکٹ بار حیدرآباد کے دو فوکل پرسن شامل ہونگے جو جملہ جائز مسائل کو مروجہ قوانین کے تحت فوراً حل کریں گے۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا ڈسٹرکٹ بار حیدرآباد آمد پر بار کے صدر کی تجویز پر اعلان۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ان کی پوری ٹیم کا خیر مقدم کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ کہ آپ نے اپنا قیمتی وقت نکال کر ہماری دعوت پر یہاں تشریف لا کر ہمیں عزت بخشی ہے۔ میں حیسکو انتظامیہ کے سربراہ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے زیرِ لوڈ شیڈنگ فیڈرز روشنیوں کے سفر کی کامیابیوں پر مبارکباد دیتا ہوں اور ہم ڈسٹرکٹ بار حیدرآباد کی جانب سے حیسکو انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن جائز تعاون جاری رکھیں گے۔ شاکر نواز شر صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حیدرآباد کا اظہارِ خیال



حیدرآباد (پ ر) حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حیدرآباد کی دعوت پر ڈسٹرکٹ بار پہنچنے پر صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حیدرآباد شاکر نواز نے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ان کی پوری ٹیم کا خیر مقدم کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ کہ آپ نے اپنا قیمتی وقت نکال کر ہماری دعوت پر یہاں تشریف لا کر ہمیں عزت بخشی ہے۔ میں حیسکو انتظامیہ کے سربراہ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے زیرِ لوڈ شیڈنگ فیڈرز روشنیوں کے سفر کی کامیابیوں پر مبارکباد دیتا ہوں اور ہم ڈسٹرکٹ بار حیدرآباد کی جانب سے حیسکو انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن جائز تعاون جاری رکھیں گے، صدر ڈسٹرکٹ بار نے کہا کہ حیسکو انتظامیہ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی سربراہی میں زیرِ لوڈ شیڈنگ فیڈرز کے قیام کے لیے بہترین کام کر رہی ہے۔ آپریشن کے افسران کو گاڑیاں فراہم کرنا اور آؤٹ سورس عملے کی تعیناتی بھی قابلِ ستائش اقدامات ہیں، جن سے حیسکو کی کارکردگی میں بہتری آئی ہے۔ مزید کہا کہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حیسکو انتظامیہ کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔ باہمی روابط کو مؤثر اور مضبوط بنانے کے لیے ایک واٹس ایپ گروپ تشکیل دیا جائے، جس میں ڈسٹرکٹ بار کے دو فوکل پرسنز اور حیسکو کے متعلقہ افسران شامل ہوں، تاکہ وکلاء کے تمام جائز مسائل کا کمیٹی کے ذریعے باریک بینی سے جائزہ لے کر انہیں مروجہ قوانین کے مطابق حل کیا جاسکے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے صدر حیدرآباد ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن شاکر نواز شر، جنرل سکریٹری حیدرآباد ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن عبدالرزاق درس، جوائنٹ سکریٹری اللہ رکھیو عرف فراز کاندھڑو، لائبریری سکریٹری عابد حسین چانگ، ممبر مینجنگ کمیٹی مہوش قریشی، نازش انور و دیگر جبکہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، انچارج پی ڈی سی غلام سرور انڑ، ایکسین آپریشن ڈویژن گاڑی کھاتہ اسد اللہ پیرزادہ، ڈپٹی کمرشل منیجر سرکل حیدرآباد منیر شیخ، ایس ڈی او/کوآرڈینیٹر ولید اد چانڈیو، ڈپٹی ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) محمد صادق کبر، ڈپٹی کمرشل منیجر سرکل لاڑ اختیار میمن، سماجی رہنما جنید ڈاہری، شفیق ڈاہری بھی موجود تھے۔